© rasailojaraid.com



# تبصرے

تاریخ اسلام کے فیصلہ کن لمحات (انگریزی) از محمد عبداللہ عنان تقطیع ۲۲×۱۸ ٹائپ عمدہ
کاغذ دبیز ضخامت ۲۷۹ صفحات قیمت للعہ پتہ :۔ شیخ محمد اشرف کشمیری بازار لاہور

یہ کتاب سب سے پہلے عربی میں شائع ہوئی تھی۔ اب اسی کا انگریزی ترجمہ خود فاضل مصنف کے قلم سے شائع ہوا ہے۔ اس کتاب میں تاریخ اسلام کے ان اہم واقعات کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے جن کے نتائج تاریخ میں ایک عظیم الشان اثر کا باعث بنے ہیں

مثلاً یہ واقعہ ہے کہ اگر مسلمان سلیمان بن عبدالملک کے زمانہ میں قسطنطنیہ کو فتح کرنے اور امیر عبدالرحمٰن جنگ ٹورس میں چارلس مارٹل کو شکست دینے میں کامیاب ہوگئے ہوتے تو آج دنیا کے اسلام کا نقشہ ہی کچھ اور ہوتا اور یورپ میں بھی بجائے عیسائیت کے اسلام کا پرچم لہرا رہا ہوتا۔ محمد عبداللہ عنان نے زیر تبصرہ کتاب میں یہ اور اسی قسم کے بعض اور اہم واقعات کو مثلاً کریٹ کی فتح اور سسلی کی فتح۔ نہایت تفصیل اور عمدہ ترتیب کے ساتھ بیان کیا ہے۔ مصنف کی مادری زبان عربی ہے۔ لیکن انگریزی ترجمہ میں بھی انھیں خاطر خواہ کامیابی ہوئی ہے۔ ان واقعات کے علاوہ اسلام کی ڈپلومیسی ہشام لمان اور سالرشید قرون وسطیٰ میں غلامی، وغیرہ وغیرہ متفرق مضامین بھی عمدہ اور لائق مطالعہ ہیں۔ کتاب محنت اور تحقیق سے لکھی گئی ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ کتاب کے شروع کے دو ابواب میں مصنف نے مسلمانوں کی فتوحات کے اسباب، ذمیوں کے ساتھ ان کا معاملہ، اور خود عربوں میں اسلام کی اشاعت پذیرائی پر جو بحث کی ہے اس میں مستشرقین کے نقطۂ نگاہ کا اثر بہت زیادہ نمایاں نظر آتا ہے، مولانا شبلی نعمانی، سید امیر علی،



© rasailojaraid.com